**FEDERAL BOARD OF INTERMEDIATE**
**AND SECONDARY EDUCATION**
**H-8/4, ISLAMABAD**

No.0-4/FBISE/RES/392 22 June, 2023

# NOTIFICATION

In continuation of this office notification bearing No. 0-4/FBISE/RES/253 dated 10 May 2023, Model Question Papers alongwith SLOs alignment charts and tables of specification have been developed for the subject of Islamiyat Compulsory for current Class IX based on the SLOs of the National Curriculum 2022 and for Class X for those students who opted the new curriculum in the Annual Examination 2023. These Model Question Papers are being uploaded on FBISE web link: https://www.fbise.edu.pk/curriculum_model_paper.php

2. The main points of the previous notification referred above are reproduced hereunder for better understanding and benefit of stakeholders:

i. All the students from Federal Directorate of Education (FDE) and those who opted National Curriculum 2022 in Class-IX Annual Examination 2023, will be examined in Class-X Annual Examination 2024 from the National Curriculum 2022.

ii. All those students who appeared in the old Curriculum (2002) in the Class-IX Annual Examination 2023 will accordingly appear in the old Curriculum (2002)/old course in their Class-X Examination 2024.

iii. For SSC Second Annual Examination 2023, the students will appear in the same Curriculum in which they already appeared in their First Annual Examination 2023 including those who staggered their subjects in the First Annual Examination 2023.

iv. No textbook is prescribed for Curriculum 2022. The Books published by National Book Foundation and Punjab Curriculum and Textbook Board are recommended/suggested as reference material. However, the students, teachers and other stakeholders may further broaden their studies by relying on any other authentic source duly approved by respective authorities while preparing for the examination.

v. The question papers will be based on the SLOs of the National Curriculum 2022. However, for questions related to the translation of the Holy Quran, the following Surahs will be included for FBISE Summative Examination:

جماعت نہم: 1. طٰہٰ 2. الانبیا 3. الفرقان 4. لقمان 5. فاطر 6. یٰس

جماعت دہم: 1. الرعد 2. ابراہیم 3. بنی اسرائیل 4. الکہف 5. المومنون 6. الشوریٰ

vi. All the schools will ensure teaching of the complete required translation of the Surahs as per the Curriculum. The Surahs other than those mentioned above, will be assessed at the school level.

CamScanner

vii. The questions from the above mentioned Surahs will be of understanding nature. No question regarding translation of any word from the Verses and Hadiths or translation of Verse/Hadith from one language to another language will be given in the question paper.

( MIRZA ALI )
Director (Research and Academics)
Ph: 051-9269504
Email: director@fbise.edu.pk

Heads of all Institutions affiliated with FBISE
at SSC Level

**Copy to:**

1. Director, National Curriculum Council, H-9, Islamabad
2. Director General, Federal Directorate of Education, G-9/4, Islamabad
3. Director General, FGEI (C&G) Directorate, Sir Syed Road, Rawalpindi Cantt
4. Assistant Chief of the Air Staff (Education), PAF Air Headquarters, Peshawar
5. Fazaia Teachers Training Institute, Air Headquarters, Islamabad
6. Director Education, Directorate of Naval Educational Services, Naval HQ, Islamabad
7. Director, Army Public Schools and Colleges System Secretariat, GHQ, Rawalpindi
8. Director, CB Education Directorate, C/o Chaklala Cantonment Board, Rawalpindi
9. Director (Education), Fauji Foundation Head Office, Welfare Division, Chaklala, Rawalpindi
10. Director General, OPF Head Office, G-5, Islamabad
11. Director Education, Kahuta Research Laboratory (KRL), Kahuta, District Rawalpindi
12. The Secretary, IBCC, Plot No. 25, Street 38, G-10/4, Islamabad
13. Assistant Director (Trg), FGEI (C&G), Sir Syed Road, Rawalpindi Cantt
14. Ms Oneeza Amber Asif, HOD/Senior Manager Education, Fauji Foundation Head Office, Welfare Division, Chaklala, Rawalpindi
15. Mr. Muhammd Ashraf Hiraj, Principal, Startwell Education House No.9, Main Khayban-e-Tanveer Chaklala Scheme-III, Rawalpindi Cantt
16. Mrs. Sakina Fowad Bukhari, Principal, City Lyceum School House No.394 St.No.4, Gulraiz-3 near Madina Mall, High Court Road, Rawalpindi
17. Brig Dr. Muhammad Hanif (R) SI (M), Principal, Dr A Q Khan College of Science & Technology, Bahria Town, Phase 8, Islamabad
18. All HODs, FBISE, Islamabad
19. Director IT (with the request to upload the same on FBISE website and social media)
20. Incharge, FBISE, Sub-Office, Gilgit
21. Incharge, FBISE, Sub-Office, Skardu
22. APS to Chairman, FBISE, Islamabad
23. APS to Secretary, FBISE, Islamabad
24. Chat Room, FBISE, Islamabad

CamScanner

Roll No: ☐☐☐☐☐☐☐ Answer Sheet No: ______________

Sig. of Candidate: ______________ Sig. of Invigilator: ______________

# فیڈرل بورڈ امتحان برائے جماعت دہم

## ماڈل پرچہ اسلامیات (لازمی)

## (قومی نصاب 2022)

## حصہ اوّل

وقت: 15 منٹ

کل نمبر: 10

---

**نوٹ: حصہ اول لازمی ہے۔ اس کو پہلے پندرہ منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔**

---

سوال نمبر 1۔ درست جواب کا انتخاب کریں۔

i. ملائکہ اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہے۔

الف۔ آبی ○ ب۔ خاکی ○ ج۔ نوری ○ د۔ ناری ○

ii. اسلام کے کس رکن کو نظامِ معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت حاصل ہے؟

الف۔ صلوۃ ○ ب۔ زکوٰۃ ○ ج۔ صوم ○ د۔ حج ○

iii. صلہ رحمی سے مراد حسنِ سلوک اختیار کرنا ہے۔

الف۔ رشتہ داروں سے ○ ب۔ پڑوسیوں سے ○ ج۔ مہمانوں سے ○ د۔ دوستوں سے ○

iv. خطبہ حجۃ الوداع میں آپ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم نے فضیلت کا معیار قرار دیا۔

الف۔ علم ○ ب۔ جہاد ○ ج۔ تقویٰ ○ د۔ عدل ○

v. حدیثِ مبارکہ کے مطابق تمام برائیوں کی جڑ ہے۔

الف۔ بدگمانی ○ ب۔ جھوٹ ○ ج۔ حسد ○ د۔ غیبت ○

vi. اسلامی تعلیمات میں **معوّذتین** پڑھنے کی تلقین کی گئی ہے۔

الف۔ کشادگیٔ رزق کے لیے ○ ب۔ حادثات سے بچاؤ کے لیے ○ ج۔ جادو سے حفاظت کے لیے ○ د۔ درازیٔ عمر کے لیے ○

vii. سود کی حرمت کے حکم پر عمل کرنے سے ہمارے اندر پیدا ہوتا ہے۔

الف۔ قرض معاف کرنے کا جذبہ ○ ب۔ زیادہ مال کمانے کا شوق ○ ج۔ اقرباپروری کا جذبہ ○ د۔ سرمایہ کاری کا شوق ○

viii. حضرت امام زید بن علی رحمۃ اللہ علیہ کا مشہور لقب ہے۔

الف۔ شیخ الاسلام ○ ب۔ حلیف القرآن ○ ج۔ فقیہ الامت ○ د۔ قاریٔ امت ○

ix. ابنِ رشد کی تصنیف **بداية المجتهد** سے ان کی صلاحیت عیاں ہوتی ہے۔

الف۔ فلسفیانہ ○ ب۔ تفسیری ○ ج۔ محدّثانہ ○ د۔ اجتہادی ○

x. موجودہ دور میں عالمِ اسلام کو اسلامی تہذیب و تمدّن اپنانے کا سب سے بڑا فائدہ ہے۔

الف۔ غیر اسلامی رسوم و رواج سے چھٹکارا ○ ب۔ دورِ جدید کے طرزِ تعمیر کا شوق ○

ج۔ عربوں کی قدیم تہذیب کا فروغ ○ د۔ عالمی سطح پر اسلامی طرزِ زندگی کا فروغ ○

---

جوابات: i. ج ii. ب iii. الف iv. ج v. ب vi. ج

vii. الف viii. ب ix. د x. د

## فیڈرل بورڈ امتحان برائے جماعت دہم

## ماڈل پرچہ اسلامیات (لازمی)

## (یکساں قومی نصاب 2022)

وقت: 2:15 گھنٹے — کل نمبر: 40

**نوٹ:** حصہ دوم، حصہ سوم اور حصہ چہارم میں دی گئی ہدایات کے مطابق سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

### حصہ دوم (کل نمبر 10)

**سوال نمبر 2۔ درج ذیل میں سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔** (5x2=10)

i. جنت اور جہنم میں لے جانے والے دو دو اعمال کے نام لکھیں۔ (1+1=2)

ii. زکوٰۃ اور عُشر میں دو فرق تحریر کریں۔ (1+1=2)

iii. سیرتِ طیبہ سے خواتین کے ساتھ حسنِ سلوک کی ایک مثال تحریر کریں۔ (2)

iv. عملی زندگی میں اخلاص و تقویٰ کے دو اثرات تحریر کریں۔ (1+1=2)

v. ریاست اور شہریوں کے دو دو فرائض تحریر کریں۔ (1+1=2)

vi. نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے سفر ہجرت کے موقع پر حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کا کردار لکھیں۔ (2)

vii. انفرادی اور اجتماعی زندگی میں مستقبل کی منصوبہ بندی کے دو دو فوائد لکھیں۔ (1+1=2)

### حصہ سوم (کل نمبر 16)

**نوٹ: کوئی سے دو سوالات حل کریں۔ تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں۔** (8 × 2 = 16)

**سوال نمبر 3۔** حج اور قربانی کی اہمیت واضح کریں نیز حج کے ملی اخوت و یگانگت پر اثرات تحریر کریں۔ (2+2+4=8)

**سوال نمبر 4۔** اخلاص و تقویٰ کا مفہوم تحریر کریں اور سیرت طیبہ سے اس کی دو مثالیں دیں۔ (2+2+2+2=8)

**سوال نمبر 5۔** اسلامی تہذیب سے کیا مراد ہے؟ نیز اسلامی تہذیب کی خصوصیات کا جائزہ لیں۔ (2+6=8)

### حصہ چہارم (کل نمبر 14)

**سوال نمبر 6۔ درج ذیل آیات اور ان کا ترجمہ پڑھیں اور ان میں سے کوئی سی تین آیات کے سامنے دیے گئے سوالات کے، جوابات تحریر کریں۔ (3x3=9)**

| | | |
|---|---|---|
| (i) | لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ یَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُغَیِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰی یُغَیِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاِذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ سُوْٓءًا فَلَا مَرَدَّ لَهٗ ۚ وَمَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّالٍ ۞<br>اس کے پہرے دار (مقرر) ہیں اس (انسان) کے آگے بھی اور پیچھے بھی وہ اللہ کے حکم سے اُس کی حفاظت کرتے ہیں کیوں کہ اللہ کسی قوم سے اپنی نعمت کو نہیں بدلتا جب تک کہ وہ خود اس کی ناشکری نہیں کرتے اور جب اللہ کسی قوم کو تکلیف پہنچانے کا ارادہ کرتا ہے تو پھر اسے کوئی ٹال نہیں سکتا اور نہ ہی اُن کے لیے اللہ کے سوا کوئی مددگار ہوتا ہے۔<br>(سورۃ الرعد آیت نمبر 11) | اس آیت میں:<br>الف۔ اللہ تعالیٰ کے مقرر کردہ پہرے داروں کی کیا ذمہ داری بیان کی گئی ہے؟ (02)<br>ب۔ قوموں کے عروج و زوال کا کیا قانون بیان کیا گیا ہے؟ (01) |

| | | |
|---|---|---|
| (ii) | الٓرٰ ۚ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ بِاِذْنِ رَبِّهِمْ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۙ ۝<br>الر۔ (یہ) ایک کتاب (ہے) جسے ہم نے آپ (خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم) کی طرف نازل فرمایا ہے تاکہ آپ (خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم) لوگوں کو اندھیروں سے روشنی کی طرف نکال لائیں اُن کے ربّ کے حکم سے (اُس ربّ کے) راستہ کی طرف جو بہت غالب بہت تعریفوں والا ہے۔<br>(سورۃ ابراھیم آیت نمبر 1) | اس آیت میں:<br>الف: نزولِ قرآن کا کیا مقصد بیان کیا گیا ہے؟ (01)<br>ب: اللہ تعالیٰ کی کون کون سی صفات مذکور ہیں؟ (02) |
| (iii) | وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ۭ اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا ۝<br>اور آپ کے ربّ نے حکم فرمایا کہ تم اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو اور والدین کے ساتھ اچھا سلوک کرو اگر تمھارے سامنے بڑھاپے کو پہنچ جائیں اُن میں سے کوئی ایک یا دونوں تو اُنھیں اُف تک نہ کہنا اور نہ ہی اُنھیں جھڑکنا اور اُن سے اَدب سے بات کرنا۔<br>(سورۃ الاسراء آیت نمبر 23) | اس آیت میں والدین سے حسنِ سلوک کے بارے میں کون سے تین احکامات دیئے گئے ہیں؟ (03) |
| (iv) | فَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ اَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا فَاِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ ۙ فَاسْلُكْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ ۚ وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ۝ فَاِذَا اسْتَوَيْتَ اَنْتَ وَمَنْ مَّعَكَ عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ نَجّٰىنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝<br>پھر ہم نے ان کی طرف وحی بھیجی کہ آپ کشتی بنایئے ہماری نگاہوں کے سامنے اور ہماری ہدایت کے مطابق تو جب ہمارا حکم آجائے اور تنور (سے پانی) اُبل پڑے تو اس (کشتی) میں سوار کرلیں ہر قسم کے (نر و مادہ) جوڑے اور اپنے گھر والوں کو (بھی) سوائے اُس کے جس کے بارے میں ان میں سے پہلے حکم طے ہو چکا ہے اور مجھ سے بات نہ کریں اُن لوگوں کے بارے میں جنھوں نے ظلم کیا بے شک وہ غرق کیے جائیں گے۔<br>پھر جب آپ اور آپ کے ساتھی بیٹھ جائیں کشتی میں تو آپ کہیں تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے ہمیں ظالم قوم سے نجات عطا فرمائی۔<br>(سورۃ المؤمنون آیت نمبر ۲۷ تا ۲۸) | ان آیات میں:<br>الف) حضرت نوح علیہ السلام کو کن باتوں کا حکم دیا گیا؟ (2)<br>ب) حضرت نوح علیہ السلام کو کون سی دعا سکھائی گئی؟ (1) |
| (v) | وَجَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا ۚ فَمَنْ عَفَا وَاَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَلَمَنِ انْتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهٖ فَاُولٰۗىِٕكَ مَا عَلَيْهِمْ مِّنْ سَبِيْلٍ ۭ ۝<br>اور بُرائی کا بدلہ اسی جیسی (ہی) بُرائی ہے پھر جو معاف کر دے اور اصلاح کرے تو اس کا اَجر اللہ (کے ذمہ کرم) پر ہے بے شک وہ ظالموں کو پسند نہیں کرتا اور یقیناً جو شخص اپنے اوپر ظلم ہونے کے بعد بدلہ لے تو ایسے لوگوں پر کوئی الزام نہیں۔<br>(سورۃ الشوریٰ آیت نمبر ۴۰ تا ۴۱) | ان آیات میں برائی کا بدلہ لینے اور اور معاف کر دینے سے متعلق کون سی تین ہدایات دی گئی ہیں؟ (3) |

**سوال نمبر 7۔ درج ذیل احادیث مبارکہ پڑھیں اور کسی ایک کے آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔** **(05)**

| | | |
|---|---|---|
| (i) | فَيَرْضَى لَكُمْ أَنْ تَعْبُدُوهُ وَلَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا وَأَنْ تَعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللَّهِ جَمِيعًا وَلَا تَفَرَّقُوا وَيَكْرَهُ لَكُمْ قِيلَ وَقَالَ وَكَثْرَةَ السُّؤَالِ وَإِضَاعَةَ الْمَالِ " .<br>وہ (اللہ) تمہارے لیے پسند کرتا ہے کہ تم اس کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو اور سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو اور فرقوں مین نہ بٹو۔ اور وہ تمہارے لیے قیل و قال (فضول باتوں)، کثرتِ سوال اور مال ضائع کرنے کو ناپسند کرتا ہے۔<br>(صحیح مسلم:1715) | الف۔ اس حدیث مبارکہ میں کن کن باتوں کا حکم دیا گیا ہے؟(02)<br>ب۔ اس حدیث مبارکہ کا ہماری عملی زندگی سے تعلق واضح کریں۔(03) |
| (ii) | الْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ ، لَا يَظْلِمُهُ وَلَا يَخْذُلُهُ ، وَلَا يَحْقِرُهُ۔<br>مسلمان (دوسرے) مسلمان کا بھائی ہے، نہ اس پر ظلم کرتا ہے، نہ اسے بے یارو مددگار چھوڑتا ہے اور نہ اس کی تحقیر کرتا ہے۔<br>(صحیح مسلم:817) | الف۔ اس حدیث مبارکہ میں کی روشنی میں ایک مسلمان دوسرے مسلمان بھائیوں کے ساتھ کیسا سلوک روا رکھنا چاہیے؟(02)<br>ب۔ اس حدیث مبارکہ کی روشنی میں ہماری عملی زندگی سے تعلق واضح کرتے ہوئے چند قابل اصلاح مروجہ کاموں کی نشاندہی کریں۔(03) |

# Mapping of Question/Items of Model Paper Islamiyat X with SLOs 2022

| Q.No.1 | CHAPTER NAME | LESSON NAME | SLO STATEMENT | SLOs CODE |
|---|---|---|---|---|
| i | ایمانیات وعبادات (باب دوم) | ملائکہ | فرشتوں کے تصور اور اُن کی تخلیق کے مقصد سے آگاہ ہو سکیں۔ | I-10-B-01 |
| ii | ایمانیات وعبادات (باب دوم) | زکوٰۃ | اسلام کے معاشی نظام میں معاشی انصاف کے لیے زکوۃ وعشر کے کردار کا جائزہ لے سکیں۔ | I-10-B-26 |
| iii | سیرت النبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَىٰ آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ (باب سوم) | حجۃ الوداع | خطبہ حجۃ الوداع کی اہمیت اور تعلیمات سے آگاہ ہو سکیں۔ | I-10-C-10 |
| iv | سیرت النبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَىٰ آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ (باب سوم) | صلہ رحمی | اسوہ نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَىٰ آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ سے صلہ رحمی کی مثالیں جان سکیں۔ | I-10-C-20 |
| v | اخلاق وآداب (باب چہارم) | جھوٹ | قرآن وسنت کی روشنی میں جھوٹ سے بچنے اور سچ کو اختیار کرنے کی اہمیت وفضیلت کو سمجھ سکیں۔ | I-10-D-17 |
| vi | اخلاق وآداب (باب چہارم) | جادو، فال اور توہم پرستی | جادو سیکھنے، سکھانے، کرنے اور کروانے کی ممانعت سے آگاہی حاصل کر سکیں۔ | I-10-D-32 |
| vii | حسنِ معاشرت ومعاملات (باب پنجم) | سود کی حرمت | سود کی حرمت اور قرضِ حسنہ کی ترغیب کو سمجھ کر ان کو روز مرہ زندگی کو اس کے مطابق ڈھال سکیں۔ | I-10-E-06 |
| viii | ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام (باب ششم) | حضرت امام زید بن علی زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ | آپ رحمۃ اللہ علیہ کی صفات، علم، تفقہ، عبادت وریاضت اور دینی ومعاشرتی خدمات کے روشن پہلوؤں سے آگاہ ہو کر سبق سیکھ سکیں۔ | I-10-F-03 |
| ix | ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام (باب ششم) | علما ومفکرین رحمہم اللہ ابن رشد رحمۃ اللہ علیہ | ان کی تعلیمات اور تصانیف سے واقفیت حاصل کر سکیں۔ | I-10-F-44 |
| x | اسلامی تعلیمات اور عصر حاضر کے تقاضے (باب ہفتم) | اسلامی تہذیب کے امتیازات | اسلامی تہذیب کے اثرات کا جائزہ لے سکیں۔ | I-10-G-11 |

## Mapping of Short Question/Items of Model Paper Islamiyat X with SLOs 2022

| Q.No.02 | CHAPTER NAME | LESSON NAME | SLO STATEMENT | SLOs CODE |
|---|---|---|---|---|
| i | ایمانیات وعبادات (باب دوم) | عقیدہ آخرت | جنت وجہنم میں لے جانے والے اعمال کا جائزہ لے سکیں۔ | I-10-B-19 |
| ii | ایمانیات وعبادات (باب دوم) | زکوۃ | زکوۃ وعشر میں فرق جان سکیں۔ | I-10-B-22 |
| iii | سیرت النبی صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم (باب سوم) | خواتین کے ساتھ حسن سلوک | رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی رشتہ دار خواتین اور صحابیات کے ساتھ حسن سلوک کے واقعات سے آگاہ ہو سکیں۔ | I-10-C-29 |
| iv | اخلاق وآداب (باب چہارم) | اخلاص وتقویٰ | عملی زندگی میں اخلاص وتقویٰ کے معاشرتی فوائد وثمرات کی اہمیت کا جائزہ لے سکیں۔ | I-10-D-05 |
| v | حسن معاشرت و معاملات (باب پنجم) | اسلامی ریاست | اسلامی ریاست میں افراد کی انفرادی اور اجتماعی ذمہ داریوں کا جائزہ لے سکیں۔ | I-10-E-12 |
| vi | ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام (باب ششم) | حضرت اسماء بن ابی بکر | ان صحابیات کی دینی خدمات کا جائزہ لے سکیں۔ | I-10-F-29 |
| vii | اسلامی تعلیمات اور عصر حاضر کے تقاضے (باب ہفتم) | اسلام میں مستقبل کی منصوبہ بندی کی اہمیت | مستقبل کی منصوبہ بندی کے انفرادی واجتماعی اثرات کا جائزہ لے سکیں۔ | I-10-G-05 |

# Mapping of Long Question/Items of Model Paper Islamiyat X with SLOs 2022

| Q.No | CHAPTER NAME | LESSON NAME | SLO STATEMENT | SLOs CODE |
|---|---|---|---|---|
| 3 | ایمانیات وعبادات (باب دوم) | حج اور قربانی | حج اور قربانی کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔<br>ملتِ اسلامیہ کی آفاقیت اور اجتماعیت کے تصور سے آگاہ ہو کر عالمی اخوت و یگانگت کی روح پیدا کر سکیں۔ | I-10-B-29<br>I-10-B-38 |
| 4 | اخلاق وآداب (باب چہارم) | اخلاص و تقویٰ | اخلاص و تقویٰ کے معنی و مفہوم کو جان سکیں۔<br>سیرتِ نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ سے اخلاص و تقویٰ کی مثالیں سمجھ سکیں۔ | I-10-D-01<br>I-10-D-03 |
| 5 | اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضے (باب ہفتم) | اسلامی تہذیب کی خصوصیات | اسلامی تعلیمات کی روشنی میں اسلامی تہذیب کو جان سکیں۔<br>اسلامی تہذیب کی بنیادی خصوصیات کو سمجھ کر ان کا جائزہ لے سکیں۔ | I-10-G-08<br>I-10-G-10 |

## Table of Specification (ToS) for section A (MCQs) Islamiyat X

| ابواب | علم Knowledge | فہم Understanding | اطلاق Application | تناسب |
|---|---|---|---|---|
| دوم | 1 | 1 | | 20% |
| سوم | 1 | 1 | | 20% |
| چہارم | 1 | 1 | | 15% |
| پنجم | | | 1 | 10% |
| ششم | 1 | 1 | | 25% |
| ہفتم | | | 1 | 10% |
| **میزان** | **4** | **4** | **2** | **10** |
| **تناسب میزان** | **40%** | **40%** | **20%** | **100%** |

**ISLAMIYAT SSC-II**

TABLE OF SPECIFICATION

| Assessment Objectives | Unit 1: | Unit 2: | Unit 3: | Unit 4: | Unit 5: | Unit 6: | Unit 7: | Total marks | Percentage |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Knowledge based | | Q 1 (i): 1 | Q 1 (iii): 1 | Q 1 (v): 1 | | Q 1 (viii): 1 | | 04 | 5.4% |
| Understanding based | Q 6(i): 3<br>Q 6(ii): 3<br>Q 6(iii): 3<br>Q 6(iv): 3<br>Q 6(vii): 3<br>Q 7(i): 5<br>Q 7(ii): 5 | Q 1 (ii): 1<br>Q 2 (i): 2<br>Q 2 (ii): 2 | Q 1 (iv): 1 | Q 1 (vi): 1 | Q 2 (v): 2 | Q 1 (ix): 1<br>Q 2 (vi): 2 | Q 5: 8 | 45 | 61.7% |
| Application based | | Q 3: 8 | Q 2 (iii): 2 | Q 2 (iv): 2<br>Q 4: 8 | Q 1 (vii): 1 | | Q 1 (x): 1<br>Q 2 (vii): 2 | 24 | 32.9% |
| Total marks | 25 | 14 | 4 | 12 | 3 | 4 | 11 | 73 | 100% |

**KEY:**

1 (i): 1

Question No (Part No.): Allocated Marks